رسول اللہ ﷺ بعض سرایا کے موقع پر اس میں شریک ہونے والوں کو غنیمت کے عام حصوں کے علاوہ اپنے طور پر بھی دیا کرتے تھے

عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ بعض مہموں (سرایا) کے موقع پر اس میں شریک ہونے والوں کو غنیمت کے عام حصوں کے علاوہ اپنے طور پر بھی دیا کرتے تھے

[صحیح] [متفق علیہ]

عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بتا رہے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جہاد کے لیے جو دستے بھیجا کرتے تھے انہیں بطورِ خاص دوسرے لشکر والوں کی بہ نسبت مال غنیمت میں سے کچھ زیادہ دیا کرتے تھے ایسا ان میں حوصلہ پیدا کرنے اور جہاد پر انہیں ابھارنے کے لیے کیا جاتا تھا

http://sunnah.global/hadeeth/ur/show/2982